رامین شمیم اے سی سی ویمنز ایمرجنگ ٹیمز ایشیاکپ 2019میں قومی ٹیم کی قیادت کریں گی

لاہور، 2 اکتوبر 2019ء:

آف اسپنر رامین شمیم کوقومی ایمرجنگ خواتین کرکٹ ٹیم کی قیادت سونپ دی گئی ہے۔ آف اسپنر اے سی سی ویمنز ایمرجنگ ٹیمز ایشیا کپ 2019 میں قومی ٹیم کی کپتانی کریں گی۔ایونٹ 22 سے 27 اکتوبر تک کولمبو میں ہوگا۔

4 ٹی ٹونٹی میچوں میں قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی نمائندگی کرنے والی رامین شمیم نے حال ہی میں قومی ایک روزہ خواتین سہہ فریقی چیمپئن شپ کی فاتح پی سی بی بلاسٹرز کی قیادت کرچکی ہیں۔

ایونٹ میں قومی خواتین ایمرجنگ ٹیم اپنا پہلا میچ 22 اکتوبر کو سری لنکا کے خلاف کھیلے گی۔ پاکستان ٹیم 23 اکتوبر کو بنگلہ دیش اور 25 اکتوبر کو بھارت سے مقابلہ کرے گی جبکہ ایونٹ کا فائنل مقابلہ 27 اکتوبر کو کھیلا جائے گا۔

قوانین کے مطابق اسکواڈ میں شامل 11 خواتین کھلاڑیوں کی عمر 23 سال سے کم ہوگی جبکہ 23 سال یا اس سے زائد عمر کی حامل صرف 3 کھلاڑیوں کو فائنل الیون میں شرکت کی اجازت ہوگی۔

رامین شمیم کے علاوہ اسکواڈ میں میں شامل فاطمہ ثناء خان، جویریہ رؤف، ماہم طارق، نشرہ سندھو اور منیبہ علی قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی نمائندگی کرچکی ہیں۔

قومی ایک روزہ خواتین سہہ فریقی چیمپئن شپ میں بہترین کھیل کا مظاہرہ کرنے والی کھلاڑیوں کو کولمبو میں شیڈول ایونٹ کے لیے اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے۔ ایشیائی حریفوں کے خلاف عمدہ کارکردگی دکھانے والی کھلاڑیوں کو بنگلہ دیش کے خلاف ہوم سیریز کے لیے قومی خواتین کرکٹ ٹیم میں شامل کیا جاسکتا ہے۔پاکستان اور بنگلہ دیش

کی خواتین ٹیموں کے درمیان سیریز 26 اکتوبر سے 4 نومبر تک لاہور میں کھیلی جائے گی۔

بنگلہ دیش کے خلاف سیریز میں شرکت کے بعد قومی خواتین کرکٹ ٹیم کو آئی سی سی ویمنز چیمپئن شپ کےدو راؤنڈز میں شرکت کے ساتھ ساتھ آئندہ سال آسٹریلیا میں شیڈول آئی سی سی ویمن ٹی ٹونٹی ورلڈکپ میں بھی شرکت کرنی ہے۔

ایونٹ کے لیے 15 رکنی اسکواڈ پر مشتمل تربیتی کیمپ 5 اکتوبر سے ہائی پرفارمنس سنٹر ملتان میں شروع ہوگا۔

اسکواڈ:

رامین شمیم (کپتان)، عائشہ نسیم، فاطمہ ثناء خان، حفصہ خالد، حرینہ سجاد، جویریہ رؤف، کائنات حفیظ، ماہم طارق، منیبہ علی، نجیہ علوی، نشرہ سندھو، نورین یعقوب، سیدہ عروب شاہ، طوبہٰ حسین اور وحیدہ اختر ۔

ریزرو:

عائشہ ناز، نتالیہ پرویز، سوہا فاطمہ اور سیدہ خدیجہ چشتی

اسپورٹ اسٹاف:

شاہد انور (کوچ)، وقار اورکزئی(اسسٹنٹ کوچ)، ساجدہ فجر (فزیو تھراپسٹ) اورتیمور محمود (ٹرینر) اسپورٹ اسٹاف میں شامل ہیں جبکہ ٹیم اینالسٹ کا نام فائنل ہونا باقی ہے۔

شیڈول:

22 اکتوبر: پاکستان بمقابلہ سری لنکا
23 اکتوبر: پاکستان بمقابلہ بنگلہ دیش
25 اکتوبر: پاکستان بمقابلہ بھارت

27 اکتوبر: فائنل

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners